# 17-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ خواتین ملک کیلئے مثالی ہیں اورقومی ترقی کیلئے خواتین کوریڑھ کی ہڈی ثابت کرنے کا سہرا بھی کانگریس کے سرجاتا ہے۔

۲۔مرکزی حکومت سات پارٹیوں کے وفودکومختلف ممالک کوبھیج رہی ہے تاکہ آپریشن سندور کے پیش نظرپاکستان کی اسپانسرکردہ دہشت کردی کے خلاف ہندوستان کے موقف کوپیش کیا جاسکے۔

۳۔تلنگانہ کی وزیر بہبودی خواتین و اطفال سیتااکا نے ریاست میں پہلی مرتبہ یتیم بچوں میں آروگیہ شری ہیلتھ کارڈس تقسیم کیئے۔

۴۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کی ملگ پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 20 ماؤنوازوں کوگرفتار کرلیااوران کے قبضے سے ایس ایل آر، 303 رائفلیں اوردودستی بم برآمد کیے۔

## HEALTH CARDS

تلنگانہ کی وزیر بہبودی خواتین و اطفال سیتااکا نے ریاست میں پہلی مرتبہ یتیم بچوں میں آروگیہ شری ہیلتھ کارڈس تقسیم کیئے۔ یہ پروگرام حیدرآباد کے بیگم پیٹ میں منعقد کیا گیا۔سیتااکا جواس پروگرام کی مہمان خصوصی تھیں نے کہا کہ ریاستی حکومت خاندان کے بغیر رہنے والے بچوں کیلئے نگران بننے کے عہد کی پابند ہے۔انہوں نے اسے انقلابی فیصلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ آروگیہ شری کارڈس کے ذریعہ یتیم بچے کارپوریٹ دواخانوں میں تقریباً 10 لاکھ روپے کے مفت علاج کی سہولت حاصل کرسکیں گے۔

## CM WE HUB

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں وی ہب ویمن پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے خاتون تاجروں اورسیلف ہلپ گروپس کی خواتین کے اسٹالس کا معائنہ کیا۔انہوں نے شرکاء سے بات چیت کی اوران کی کوششوں کی حوصلہ افزائی کی۔اس موقع پر ریونت ریڈی نے سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کی تاریخی قیادت کو یاد کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب چین اور پاکستان کے ساتھ ہمارے ملک کی جنگ ہوئی تو اندرا

گاندھی نے خواتین کی طاقت کے بارے میں دنیا کو دکھا دیا۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کی طاقت سے ہی ملک کی جیت ہوئی۔خواتین ملک کیلئے مثالی ہیں اور قومی ترقی کیلئے خواتین کو ریڑھ کی ہڈی ثابت کرنے کا سہرا بھی کانگریس کے سر جاتا ہے۔انہوں نے معاشی اور سماجی طور پر خواتین کو بااختیار بنانے ان کی حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔

TPCC

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور رکن قانون ساز کونسل مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلی اے ریونت ریڈی اور ان کی ٹیم کی قیادت میں تلنگانہ ملک بھر کے لئے ایک مثالی ریاست کے طور پر ابھرا ہے۔ انہوں نے ہفتہ کو میڈیا سے بات کرتے ہوئے اصل اپوزیشن بی آر ایس میں جاری اندرونی اختلافات کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔گوڑ نے انکشاف کیا کہ پارٹی کے اندر کویتا، کے ٹی آر اور ہریش راؤ کے درمیان اقتدار کی رسہ کشی چل رہی ہے۔پارٹی سربراہ کے سی آر اب صرف اپنے فارم ہاؤس تک محدود ہو چکے ہیں، جو بی آر ایس کی بکھرتی ہوئی قیادت کا واضح ثبوت ہے،انہوں نے پیش گوئی کی کہ بی آر ایس آئندہ انتخابات تک سیاسی طور پر غیر متعلق ہو جائے گی۔

FINAL GOVT DELECATION

مرکزی حکومت سات پارٹیوں کے وفود کو مختلف ممالک کو بھیج رہی ہے تا کہ آپریشن سندور کے پیش نظر پاکستان کی اسپانسر کردہ دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کے موقف کو پیش کیا جا سکے۔یہ وفد اہم ممالک بشمول اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ارکان ممالک کا اس ماہ کے اواخر میں دورہ کریں گے۔ان میں مختلف پارٹیوں کے ارکانِ پارلیمنٹ، سرکردہ سیاسی شخصیات اور سرکردہ سفارت کار بھی شامل ہیں۔کل جماعتی وفود ہندوستان کی قومی اتفاق رائے پر تفصیلات پیش کریں گے اور تمام طرح کی دہشت گردی اور عملی صورت پر تفصیلات پیش کریں گے۔ یہ وفود دنیا کے سامنے دہشت گردی کو برداشت نہ کرنے ہندوستان کو واضح پیام کو پیش کریں گے۔ 7رکنی وفد کی قیادت بی جے پی کے روی شنکر پرساد، بیج ناتھ پانڈے، کانگریس کے ششی تھرور، این سی پی کی سپریا سولہ، جے ڈی یو کے سنجے جھا، ڈی ایم کے کی کنی موزی اور شیو سینا کے شریکانت ایکناتھ شنڈے کریں گے۔

DAY

دنیا بھر میں آج ورلڈ ہائپر ٹنشن ڈے منایا جارہا ہے۔اس دن کا مقصد ہائی بلڈ پریشر سے متعلق خطرات سے آگاہی پیدا کرنا اوراس کے موثر انسداد اور نگہداشت کے طریقے فروغ دینا ہے۔اس سال یہ دن اپنی 20ویں سالگرہ کے ساتھ منایا جارہا ہے۔رواں برس کا موضوع ہے اپنے بلڈ پریشر کو درست طریقے سے ناپیں، قابو میں رکھیں، اور طویل عمر پائیں۔

WEATHER

محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے ریاست تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شدید بارش اور گرج چمک کے ساتھ طوفان کی پیش گوئی کرتے ہوئے الرٹ جاری کیا ہے۔آئی ایم ڈی کی موسمی بلیٹن کے مطابق، نظام آباد، ویکار آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، واناپرتھی، نرائن پیٹ اور جوگولامبا گاڈوال اضلاع کے چند مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔علاوہ ازیں، ریاست کے کئی اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ طوفان کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔

SEEDS

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے جعلی بیج اور کھاد فروخت کرنے والے تاجروں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی ہے۔انہوں نے تمام اضلاع کے کلکٹرس اور پولیس عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس غیر قانونی کاروبار پر کڑی نظر رکھیں۔انہوں نے زرعی اور پولیس محکموں کو مشترکہ طور پر ٹاسک فورس تشکیل دینے اور ریاستی سرحدوں پر سخت نگرانی کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے زرعی وزیر تمّلا ناگیشور راؤ کے ساتھ سکریٹریٹ میں مون سون فصلوں کی کاشت کے حوالے سے محکمہ کے عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

BJP MP

رکن پارلیمان جی ناگیش نے تلنگانہ حکومت پر الزام لگایا ہے کہ مرکزی حکومت کی جانب سے قبائلی اور آدیواسی طبقات کی فلاح و بہبود کے لئے جاری کردہ تقریباً 300 کروڑ روپے کی رقم گزشتہ پانچ سے چھ ماہ سے روک لی گئی ہے۔انہوں نے ہفتہ کے روز پارٹی کے ریاستی دفتر، میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ فنڈز انتہائی

پسماندہ قبائلی طبقات کی امداد کے لئے جاری کیئے گئے تھے، مگر انہیں جاری نہیں کیا جا رہا، جس سے شبہ پیدا ہو رہا ہے کہ ریاستی کانگریس حکومت یہ رقم اپنی اسکیموں پر خرچ کر رہی ہے۔ ناگیش نے کہا کہ قبائلی برادریوں نے پچھلے سال قرض لے کر مکانات کی تعمیر شروع کی تھی، لیکن حکومت کی جانب سے وعدہ کردہ مالی مدد آج تک جاری نہیں ہوئی۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ تعلیمی سال ختم ہونے کے باوجود قبائلی طلبہ کو اسکالرشپ نہیں ملی۔ ان کے مطابق مرکز نے اکتوبر میں ہی اسکالرشپ کے فنڈس جاری کر دیئے تھے، لیکن ریاستی حکومت نے ان کی تقسیم میں ناکامی دکھائی۔

SURRENDER

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کی ملگ پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 20 ماؤنوازوں کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضے سے ایس ایل آر، 303 رائفلیں اور دودستی بم برآمد کیے۔ یہ گرفتاریاں مختلف علاقوں میں کی گئیں: وینکٹاپورم پولیس اسٹیشن کی حدود میں پالم پراجیکٹ کے قریب گاڑیوں کی تلاشی کے دوران 6 ماؤنوازوں پکڑے گئے۔ وائرہ پولیس حدود میں مرومرو جنگلاتی علاقہ میں سرچ آپریشن کے دوران 7 ماؤنواز گرفتار کیے گئے۔ کنی گوڈیم تھانے کی حدود میں گُتلا گنگارام گوٹیکویا گاؤں کے قریب گشت کے دوران مزید 7 ماؤنوازوں کو حراست میں لیا گیا۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈاکٹر پی شبریش نے اس موقع پر روپوش ماؤنواز رہنماؤں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ تلنگانہ حکومت کی خودسپردگی پالیسی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہتھیار ڈالیں اور قومی دھارے میں شامل ہو جائیں۔

MISS WORLD

دنیا بھر سے آئی ہوئی مس ورلڈ مقابلہ حسن کی حسیناؤں نے حیدرآباد میں منعقدہ اسپورٹس فائنل میں حصہ لیتے ہوئے یکجہتی، استقامت اور عالمی بھائی چارے کا عملی مظاہرہ کیا۔ اسٹیڈیم میں ایک خوبصورت اور پرجوش منظر دیکھنے کو ملا جہاں حسیناؤں نے مارشل آرٹس، رولر اسکیٹنگ، بیڈمنٹن، شٹل اور دیگر کھیلوں میں مہارت کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر یوگا اور زومبا ڈانس کی پرفارمنس بھی پیش کی گئی۔ اس تقریب کا افتتاح تلنگانہ کے وزیر کھیل جوپلی کرشنا راؤ نے کیا۔ مس ورلڈ کی حسینائیں کل تلنگانہ سکریٹریٹ اور اپر ٹینک بنڈ پر منعقدہ کارنیول کا دورہ

کریں گی۔اس ضمن میں حیدرآباد پولیس نے سہ پہر 3 بجے سے رات 10 بجے تک ٹریفک میں تبدیلیوں کا اعلان کرتے ہوئے ایڈوائزری جاری کی ہے۔

IPL

انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل)2025 آج ایک ہفتے کے وقفہ کے بعد دوبارہ شروع ہونے جارہی ہے۔آج کا میچ میزبان رائل چیلنجرز بنگلوراورکولکتہ نائٹ رائیڈرز کے درمیان ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں شام 7 بج کر30 منٹ پرکھیلا جائے گا۔یادرہے کہ 9 مئی کو ہندوستان اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظرآئی پی ایل کوعارضی طور پرمعطل کردیا گیا تھا۔بعدازاں بی سی سی آئی نے ٹورنمنٹ کے بقیہ مقابلوں کا نیاشیڈول جاری کیا،جس کے مطابق موہالی اوردھرمشالہ میں کوئی میچ نہیں ہوا۔ٹورنامنٹ کا فائنل، جو پہلے 25 مئی کو ہونا تھا،اب 3 جون کومنعقدکیا جائے گا۔پلے آف کے مقامات کااعلان بعدمیں کیا جائے گا۔

☆☆☆